## سوال

(10) مردہ عورت کی پہچان

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی عورت مرجاتی ہے اور یہ جاننے میں مشکل پیش آتی ہے کہ آیا وہ مسلمان ہے کہ نہیں، تو اس کے کفن دفن کا کیا حکم ہے، وضاحت فرمائیں۔ ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسے سوالات پہیلیوں سے تعلق رکھتے ہیں، ان سے کوئی شرعی مسئلہ مستنبط نہیں ہوتا ہے۔ یہ سوال شریعت سے نہیں بلکہ تجربہ سے تعلق رکھتا ہے۔ اس کی صورت حال کچھ یوں ہو گی کہ اگر اس کے جسم سے کوئی مذہبی علامت مل جائے مثلاً اس عورت کے ماتھے پر تلک وغیرہ ہو، جو اس کے ہندو ہونے کی علامت ہے، یا اس کے گلے میں صلیب ہو جو اس کے عیسائی ہونے کی علامت ہے تو اس کو غیر مسلم سمجھا جائے گا۔ اور اگر اس کے جس پر کوئی علامت اس کے مسلمان یا غیر مسلم ہونے کی نہ ہو، اور وہ کسی مسلمان ملک میں ہو تو اس کو مسلمان ہی سمجھا جائے گا، اور اس کا کفن اسلام کے مطابق ہوگا۔

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

# فتاویٰ علمائے حدیث

## کتاب الطہارہ جلد 2